© rasailojaraid.com



# قائد اعظم، جسٹس منیر اور سیکولرازم

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مغفور

شنید ہے کہ جسٹس منیر صاحب کی کتاب فرام جناح ٹو ضیا پر پابندی لگ گئی ہے یا لگنے والی ہے۔ میں اس کوشش میں تھا کہ سَو روپے قیمت کی اس مختصر سی کتاب کو کسی طرح حاصل کر کے پڑھوں، اور اس پر کچھ لکھوں۔ مگر اب اس کا موقع نہیں رہا۔ تاہم مجھے اندازہ ہے کہ اس کتاب میں کیا لکھا ہوگا جسٹس منیر سرزمین پاکستان میں سیکولرازم کے سرپرستِ اعظم ہیں۔ حال ہی میں نفاذ اسلام کے سلسلے میں انتخابی اور غیر انتخابی طرز سیاست پر فکری الجھنوں کا جو غبار اٹھا ہے غالباً اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے جسٹس صاحب نے ایک بار پھر سیکولرازم کا لوہا منوانے کی کوشش کی ہے۔ میں اپنے تصور کے مطابق یہ سمجھتا ہوں کہ اس کتاب کا نام "جسٹس منیر سے جسٹس منیر تک" ہونا چاہیئے۔ یا "منیر رپورٹ سے منیر رپورٹ تک" یعنی وہ ایک ہی خیالات ہیں جو اضطراباتِ پنجاب کی تحقیقاتی عدالت کی کارروائیوں سے لے کر بعد کے اخباری مضامین اور حالیہ کتاب تک دوہرائے گئے ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ جسٹس منیر قائداعظم جیسی ہستی کو کھینچ کر جب اپنے ساتھ کھڑا کرنے کی سعی بے جا کرتے ہیں تو وہ ایک ملک کے موسس اور ایک قوم کے بلند مرتبہ لیڈر کی توہین کے بھی مرتکب ہوتے ہیں۔ تحقیقاتی عدالت میں جب پہلے پہل انہوں نے قائداعظم کے ساتھ یہ زیادتی روا رکھی تو اس کا مختصر مگر مدلل ناقدانہ جواب مولینا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے اپنے ایک عدالتی بیان ہی میں دیا۔ ان دنوں جب کہ قائداعظمؒ کی یاد تازہ کی جا رہی ہے۔ مولینا کی اس تاریخی تحریر کو پیش کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

